DOI: https://doi.org/10.52541/fn.v59i03.1181

# تدریسی عمل میں متعلّمین کے انفرادی اختلافات و تنوعات سے متعلقہ مسائل کا حل

## سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں ایک مطالعہ

خدیجہ اکبر خان ۞
رضوانہ اکبر ۞

# The Study of the Problems of Individual Differences in Teaching and Its Solution with Reference to the Teachings of the Holy Prophet Muḥammad(ﷺ)

Dr. Khadija Akbar Khan ۞
Rizwana Akbar ۞

## ABSTRACT

This research work serves as a guide to the teacher community in understanding the problems related to the individual differences among children and presents solutions to these problems in the light of the teachings of Prophet Muḥammad (ﷺ). Individual differences mean to have individual human nature which differs from

۞ ہیڈ مسٹریس، گورنمنٹ گرلز انصاف آفٹر نون ہائی سکول، گہلن چک ۹، تحصیل پتوکی، ضلع قصور۔
۞ پی ایچ ڈی سکالر، لاہور کالج ویمن یونیورسٹی، لاہور۔
۞ Headmistress Govt. Girls Insaaf Afternoon High School Gehlan chak 9. Tehsil Pattoki, District Kasur. (khadijaakbarkhan@gmail.com)
۞ Ph.D Scholar, Lahore College Women University, Lahore.

other people as a natural endowment. Therefore, individual differences affect the teaching methods. A teacher plays a pivotal role in the development of a nation or a country. It is of utmost importance to awaken his/her (teacher's) awareness about individual differences as well as different teaching strategies inside the classroom for effective learning of the children. The teacher is also responsible for the blooming of moral, spiritual, and social behaviour of the future builders of the nation. He/she should be aware of the individual differences/problems of the students. He/she ought to identify and analyse these problems. The most important element is to enable him/her to solve them in the light of the teachings of Prophet Muḥammad (ﷺ). This research explores individual differences and different situations in classrooms and their effects on the learning of the students. It provides the solutions to these problems, seeking guidance from the life of the Holy Prophet (ﷺ).

**Keywords**

teaching, learning, individual differences, problems, *sīrah*.

## Summary of the Article

Individual differences as a significant term related to psychology. Individual differences mean that no two

persons are born exactly alike, rather one differs from the other in natural endowments. It means children have different abilities and qualities from each other and are different in terms of behaviour and creative thinking, etc. They also differ from each other based on mental, physical, economical, social, religious, and environmental aspects.

Individual differences are related to the teaching process. Therefore, individual differences affect the teaching methods as well as the learning of the students in the classroom. For example, in a classroom, students have different mental levels, unique physical abilities, different economic conditions, different social and environmental backgrounds, and sometimes belong to different religions. All of these individual differences affect students' learning in the classroom.

The individual differences vary among the students. For example, some differ by birth and others have differences by heredity. Local and regional environments create individual differences among the students. For example, the one who lives in a village is different from those who live in a city. Accidently few students become disabled. This makes them different from normal students.

Naturally, some students wish to become doctors, while others have to become engineers, scholars, teachers, businessmen, or farmers. The method of teaching and training of parents and teachers may create individual differences among the students. The behaviour and the temper of parents and teachers also cause individual differences among the students.

Therefore, the responsibility of a teacher is to teach the students according to their mental requirements. One teaching style for all in a class is not the right way of teaching. For the best results of the teaching and training, the teacher should adopt the method, style, and strategy of teaching that best suit their differences. Most educationists say that if a teacher ignores the individual differences of the students, it may create negative effects on their personalities. Teaching according to individual differences is a tiring activity but it is essential for the blooming of the students. The students are the future of a nation. Teaching demands that it should be conducted according to the individual differences among the students. Due to individual differences, teachers have to face many problems, i.e., students may mistake, misbehave or disobey the teacher. But the teacher should be patient, polite, and cooperative with him. He/she

should not be harsh to the students nor should he/she punish them. Students are not conscious of their misconduct. They do not know how they are behaving. So it is essential for the teachers not only to get knowledge about individual differences but should also get guidance from the life of the Holy Prophet (ﷺ), who trained the people as a teacher and they followed him (ﷺ). The Prophet (ﷺ) always handled individual differences among the people during training and teaching. Normally, people came to him from different backgrounds in terms of age, race, religion, and social status. Even some of them misbehaved with the Prophet (ﷺ) but he treated them politely and trained them so they became important members of society. It is the moral duty of teachers to forgive their students for any mistake. They should train their students following the teaching methods of Prophet Muḥammad (ﷺ) and make the students learn good human morals.

This research provides the teacher community with awareness of individual differences as well as different teaching strategies inside the classroom for effective learning of the children. It aims to identify the problems related to individual differences; make those problems

understandable; and propose their solutions in the light of the teachings of the Holy Prophet (ﷺ). This research also presents suggestions and recommendations related to these problems.

❁ ❁ ❁ ❁ ❁

## انفرادی اختلافات وتنوعات کا تعارفی مطالعہ

انفرادی اختلافات وتنوعات تدریسی عمل کی ایک اہم اصطلاح ہے، اس کا تعلق جدید تعلیمی نفسیات سے ہے۔ تعلیمی نفسیات پر بے شمار کتب لکھی جا چکی ہیں، لیکن ان میں سے چند کتب ایسی ہیں جن میں انفرادی اختلافات وتنوعات کے موضوع پر بحث کی گئی ہے، مثلاً ایس ایم شاہد نے اپنی کتاب **تعلیمی نفسیات** میں اس موضوع کو صرف ایک عنوان میں پیش کیا ہے۔ علامہ ابن خلدون رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب **مقدمہ ابن خلدون**، شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب **حجة الله البالغة** اور امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے **إحياء علوم الدين** میں صرف چند مقامات پر افراد کے درمیان پائے جانے والے اختلافات اور ان کی وجوہات کو بیان کیا ہے۔ اسی طرح احادیث اور سیرت النبی ﷺ کی کتب کے علاوہ آپ ﷺ کی حیات طیبہ کے تعلیم و تربیت کے پہلوپر بہت سی کتب لکھی گئی ہیں جن سے ہمیں رہ نمائی ملتی ہے کہ آپ ﷺ کس طرح افراد کی تعلیم وتربیت میں ان اختلافات وتنوعات کا خیال رکھتے تھے جن میں ڈاکٹر فضل الٰہی کی کتاب **نبی کریم ﷺ بحیثیت معلم**، یوسف القرضاوی کی **رسول اکرم ﷺ اور تعلیم**، ابن جماعہ کی کتاب **تذكرة السامع والمتكلم**، سراج الدین کی **رسول خدا کا طریقہ تربیت**، قاضی اطہر مبارکپوری کی **خیر القرون کی درسگاہیں** اور ان کا نظامِ تعلیم وتربیت قابل ذکر کتب ہیں، لیکن ان میں سے کوئی تحقیق زیر بحث موضوع "تدریسی عمل میں بچوں کے انفرادی اختلافات وتنوعات سے متعلقہ مسائل کا حل-سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں ایک مطالعہ" کے انداز سے نہیں ہوئی، زیربحث مقالے میں بچوں کے درمیان پائے جانے والے انفرادی اختلافات سے متعلقہ مسائل کا حل نبی کریم ﷺ کے انداز تعلیم وتربیت سے تلاش کیا گیاہے جن کو قرآنی آیات، حدیثِ رسول ﷺ، آثار صحابہ، مشہور تفاسیر اوراقوال تابعین اور تبع تابعین رحمۃ اللہ علیہم کی روشنی میں احسن طریقے سے وضاحت کے ساتھ بیان کیا گیاہے اورآخر میں اس تحقیق کی

روشنی میں حکومت، تعلیمی اداروں، اساتذہ اور والدین کے لیے ایسی تجاویز پیش کی گئی ہیں جس سے بچوں کے درمیان پائے جانے والے انفرادی اختلافات وتنوعات سے متعلقہ مسائل کا حل تلاش کیاجاسکے گا (ان شاءاللہ)۔

انفرادی اختلافات کی اصطلاح کالفظ سب سے پہلے امریکی ماہر نفسیات فراسیس گالٹن نے استعمال کیا،[۱] اس کا کہناہے کہ انفرادی اختلافات اصل میں افراد میں پائی جانے والی عمومی صلاحیتیں ہیں، جیسے کام کرنے کی صلاحیتیں، سوچنے سمجھنے کی صلاحیتیں اور کسی بھی محرک کے رد عمل کی صلاحیتیں۔اس کاخیال ہے کہ یہ صلاحیتیں ہر فرد میں مختلف ہوتی ہیں۔[۲]

ابن خلدون رحمۃ اللہ علیہ کا بھی یہی کہناہے:

افراد کے معاشی حالات انسانوں کی دیہاتی وشہری وجنگلی زندگی، جنگ، حسب ونسب، خاندان، حکومتی وغیر حکومتی عہدے، عیاشی وکھیل کود، مذہبی تحریکیں، آبادی کا تناسب؛ یہ سب چیزیں انسان کے مزاج، اخلاقیات اور عبادات پر اثر انداز ہوتی ہیں جس سے افراد کے درمیان اخلاقی اختلافات پیداہوتے ہیں۔ تنگ حال افراد اپنے مزاج اور اخلاق میں معاشی طور پر خوش حال افراد سے بہتر ہوتے ہیں اور ان سے زیادہ عبادت گزار بھی ہوتے ہیں، ان حالات کی بہ دولت انسانی زندگی پر گہرے اثرات مرتب ہو تے ہیں۔[۳]

تعلیمی عمل میں اس اصطلاح کوایک بنیادی حیثیت حاصل ہے، اس کاتعلق استاد کی تدریس اور کمرہ جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں سے ہے، کلاس میں استاد کے سامنے تعلیم حاصل کرنے والے بچے ذہنی، جسمانی، معاشی اور معاشرتی لحاظ سے ایک دوسرے سے مختلف ہوتےہیں اوراگر استاد ان اختلافات کومد نظر نہیں رکھتاتواس کے اثرات بچوں کی تعلیم وتربیت پر پڑتے ہیں۔

کلاس روم بچوں کواچھا فرد اور اچھاشہری بنانے کے لیے ایک لیبارٹری کاکام کرتاہے،[۴] جس میں استاد کا کردارایک سائنس دان سے کم نہیں ہوتا، سائنس دان اپنا تجربہ کام یاب بنانے کے لیے

---

1– Galton.F, “Inquiries into Human Faculty” in *Variety of Human Nature* (London: J.M.Dent & Co. Dutton, Ed.2nd, 1907), 2.

2– Ibid., 145–172.

۳– ابن خلدون،عبدالرحمن بن محمد، **مقدمة ابن خلدون** (بیروت: دار الفکر،۱۴۰۸ھ/ ۱۹۸۸ء): ۲۳۵۔

4– Dewey John, Democracy and Education quoted by Hoghes, A.g. and Hughe, E.4, *Education, some educatioanl problem* (London: long man's ،1960), 8.

ہمت، حوصلے اور صبر و تحمل سے کام لیتا ہے اور ذرا سی بھی کوتاہی اس کی سالوں کی محنت کو رائیگاں کر سکتی ہے۔ اسی طرح استاد کی تعلیم و تربیت کے عمل میں ذرا سی لاپرواہی بھی بچوں کی زندگیوں پر منفی اثرات مرتب کر سکتی ہے، اسی لیے دورانِ تدریس استاد کے لیے ان اختلافات کو مد نظر رکھنا اور بچوں کے مصالح اور منافع کو مد نظر رکھنا بہت ضروری ہے، بچوں کی فطرت میں کئی طرح کے نقص اور عیب بھی پائے جاتے ہیں؛ کچھ بچے کلاس میں جانے انجانے غلطیاں اور کوتاہیاں بھی کرتے ہیں جس کی وجہ سے استاد کو غصہ آسکتا ہے لیکن استاد اس پر صبر کرے اور ان کے ساتھ شفقت ورافت اور احسان والا معاملہ رکھے، ان کے ساتھ شدت اور سختی کے ساتھ پیش نہ آئے بلکہ نرمی اور خیر خواہی کے انداز اپنائے تاکہ بچوں کی قسمتوں کو صحیح رخ میں متعین کیا جاسکے۔

ماہرینِ تعلیم انفرادی اختلافات و تنوعات کی تعریفات کچھ اس طرح بیان کرتے ہیں:

افلاطون(Plato) کی تعریف

دوافراد ایک جیسے پیدا توہو سکتے ہیں لیکن کبھی بھی اپنی قدرتی صلاحیتوں میں ایک جیسے نہیں ہوتے۔ ایک فرد ایک پیشہ کے لیے موزوں ہے تودوسرا فرد کسی اور پیشہ کے لیے موزوں ہوگا، افراد کی ان صلاحیتوں کو انفرادی اختلافات کہا جاتا ہے۔[۵]

ایناحارث (Aina Haras) کی تعریف

انفرادی اختلافات سے مراد وہ انسانی صفات ہیں جو ایک وقت میں ایک ہی فرد اپنی ذات میں انفرادی طور پر رکھتا ہے مثلاً بالوں کے رنگ میں فرق انفرادی اختلاف ہے اگرچہ کچھ افراد کے بالوں کے رنگ تقریباً ایک جیسے لگتے ہیں لیکن اصل میں وہ افراد بالکل ایک جیسے نہیں ہوتے۔[۶]

ایس ایم شاہد کی تعریف:

انفرادی اختلافات سے مراد وہ اختلافات اور تغیرات ہیں جو ایک فرد دوسرے فرد سے رکھتا ہے، وہ اختلافات جسمانی، ذہنی، جذباتی اور معاشرتی ہونے کے علاوہ مخصوص رجحانات اور میلانات کے بھی ہوسکتے ہیں یعنی افراد کے درمیان صلاحیتوں اور قابلیتوں کا فرق پایا جاتا ہے۔[۷]

---

5– Toomas Lott, "Plato on the Rationality of Belief, Theaetetus 184-7.)" in *Trames* University of Tartu: Trames, 2011(15(65/60), 4, 339–364.

6– Anita E Gul (1980). *Educational Psychological* (USA: Folk Allyr & Boston), 66.

۷– شاہد، ایس ایم، **تعلیمی نفسیات** (اسلام آباد: علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی اسلام آباد، ۲۰۱۰ء)، ۱۳۔

## انفرادی اختلافات و تنوعات مختلف اقسام کے ہوتے ہیں

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کا کہنا ہے کہ مذہب کی بنیاد پر افراد کے درمیان اختلافات پائے جاتے ہیں،[۸] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق امّتِ مسلمہ میں تہتر (۷۳) فرقے پروان پاچکے ہیں،[۹] جسامت اور ذہانت کے لحاظ سے بھی بچے ایک دوسرے سے مختلف ہوتے ہیں، ہر بچے میں موجود صلاحیتیں بھی دوسرے بچوں سے مختلف ہوتی ہیں 'کچھ بچے سائنس کو سمجھنے کی صلاحیتیں رکھتے اور کچھ بچے آرٹ اینڈ ڈرائینگ میں ماہر ہوتے ہیں، احساسات و جذبات کے اعتبار سے کچھ بچے اپنے جذبات پر آسانی سے قابو پا سکتے ہیں اور کچھ چڑ چڑے ہوتے ہیں، اسی طرح کوئی بچہ اپنے والدین اور اساتذہ کی مار پٹائی بھی حوصلے اور ہمت سے برداشت کر لیتاہے تو کوئی ڈانٹ بھی برداشت نہیں کر سکتاہے، انسانی جنس بالیدگی اور نشوونماکے حوالے سے اختلافات رکھتی ہے،[۱۰] ہر بچے کی عمر، قسمت، [۱۱] سابقہ واقفیت، ماحول، خوداعتمادی، مادری زبان، [۱۲] تعلم اور معاشی[۱۳] لحاظ سے بھی اختلافات پائے جاتے ہیں۔

## انفرادی اختلافات و تنوعات کی بہت سی اہم وجوہات ہیں

افراد کے درمیان فطری طور پر اختلافات پائے جاتے ہیں، اللہ تعالی کاقدرتی نظام ہے کہ اس دنیاکانظام احسن طریقے سے چلانے کے لیے ہر فرد کی ضروریات اور اس کی صلاحیتوں کے مطابق ذمے داریاں نبھانے کی اسے طاقت ودیعت کی گئی ہے اور انسان کی رہ نمائی کاانتظام بھی کیا گیاہے، اللہ تعالی ارشاد

---

۸- ابوحامد محمد بن محمد الغزالی، **إحياء علوم الدين** (لبنان: دارالكتب العلمية، س ن) ۱: ۵۷۔

۹- ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی، **سنن الترمذي**، كتاب الإيمان، باب مَاجَاءَ فِي افْتِرَاقِ هَذِهِ الأُمَّةِ (لبنان: دارالغرب الإسلامي، ۱۹۹۸ء)، ۳۲۳: ۴، رقم: ۲۶۴۱۔

۱۰- وحید قریشی، **تعلیم کے بنیادی مباحث** (اسلام آباد: انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی سٹڈیز اسلام آباد، ۱۹۹۸ء): ۱۰۵۔

11- "Brief Report Hope uniquely predicts objective academic achievement above intelligence, personality, and previous academic achievement", in Journal of Research in Personality, https://www.sciencedirect.com/science/article/abs/pii/S009265661000067X

۱۲- شاہ ولی اللہ دہلوی، **حجه الله البالغة** (بیروت، دار الجيل، ۱۴۲۶ھ / ۲۰۰۵ء) ۱: ۲۳۔

۱۳- بدرالدین محمد بن ابراہیم بن سعد اللہ ابن جماعہ، **تذكرة السامع والمتكلم** (لبنان: دارالبشائر الإسلامية، ۲۰۱۴ء)، ۱۷۱۔

فرماتاہے: ﴿كُلٌّ يَّعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ﴾ [۱۴](ہر فرد اپنی جبلت (صلاحیت وفطرت) کے مطابق کام کرتاہے۔)

اس لیے توکوئی ڈاکٹر، کوئی انجنیئر، کوئی عالم، کوئی استاد، کوئی مستری، کوئی مزدور اور کوئی کسان ہے، لیکن اگر سب ہی ڈاکٹر اور انجینئر بن جاتے توپھر لوگوں کے کھانے کے لیے اناج اور سبزیاں کون اگاتا، رہنے کے لیے گھر کون بناتا، پہننے کے لیے کپڑے کون بنتااور سفر کرنے کے لیے گاڑیاں کون بناتا۔اللہ تعالیٰ نے منصوبہ بندی کے تحت معاشرتی بگاڑ سے انسانیت کو محفوظ رکھا۔

بچے کا وراثتی مادہ بھی اس کی طبیعت پر اثرانداز ہوتاہے، طبی طور پر بھی عادات واخلاق کے جینز بچہ کواپنے والدین سے وراثت میں ملتے ہیں، اگر والدین نیک ہوں گے توان کی نیکی بچوں پر مثبت اثرات مرتب کرتی ہے، اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں ارشاد فرماتاہے: ﴿كَانَ اَبُوْهُمَا صَالِحًا﴾ [۱۵](باپ کی صالحیت بچے پر اثر انداز ہوتی ہے۔)

اس آیت سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ باپ کی نیکی اولاد کے کام آجاتی ہے، باپ اگر نیک اور صالح ہوتواولاد بھی نیک اور صالح ہوتی ہے، [۱۶] اسی طرح ایک ہی والدین کے بچے ایک ہی ورثہ رکھنے کے باوجود ایک دوسرے سے مختلف ہوتے ہیں۔

والدین کی طبائع میں فرق بچوں کے درمیان مختلف قسم کے اختلافات اور تنوعات کی ایک اور اہم وجہ ہے، زیادہ تر والدین کااپنے بچوں کی تعلیم وتربیت سے غفلت برتنابھی بچوں کے لیے خطرناک ہوسکتاہے۔

نبی کریم ﷺ کاارشاد ہے: "عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «كُلُّ مَوْلُودٍ يُولَدُ عَلَى الفِطْرَةِ، فَأَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ، أَوْيُنَصِّرَانِهِ، أَو يُمَجِّسَانِهِ." [۱۷]

---

۱۴– القرآن،۱۷: ۸۴۔

۱۵– القرآن، ۱۸: ۸۲۔

۱۶– ابوالفداءاسماعیل بن عمرابن کثیر،**تفسیرالقرآن العظیم** (لبنان: دارالمعرفۃ،۱۴۰۰ھ\۱۹۸۰ء)، ۱۸۷۵۔

۱۷– ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری،**الجامع الصحیح**، کتاب الجنائز، بَابُ مَاقِيلَ فِي أَوْلاَدِ الْمُشْرِكِينَ(دمشق: دارالطوق،۱۴۰۱ھ)،۱۰۰: ۲،رقم: ۱۳۸۵۔

(حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایاہے کہ ہر بچہ دین فطرت پر پیدا ہوتا ہے،اس کے ماں باپ اسے یہودی، نصرانی یامجوسی بنادیتے ہیں۔)

علامہ بدر الدین عینی رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث کی شرح بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں: "فمن تغير كان بسبب أبويه إمابتعليمهما إياه أوترغيبهما فيه."[۱۸] (اللہ تعالی نے ہر بچے کو معصوم اور گناہوں سے پاک پیدا کیا ہے، لیکن ان کے والدین کی ترغیب وتعلیم کی وجہ سے بچوں میں تبدیلی آتی ہے۔)

والدین اپنے بچوں کی تعلیم وتربیت میں غفلت برتناشروع کردیں تو بچوں کے رویے بے لگام ہوجاتے ہیں، لیکن والدین کی سخت محنت اور مسلسل جدوجہد سے بچوں کے کردار کی تعمیر ہوجاتی ہیں۔[۱۹]

موروثی بیماریاں جیسے رنگ کوری (Colour Blndness)، گلے کے غدود وغیرہ، بیماری یاکوئی حادثہ، جاگیردارانہ نظام اورمختلف قسم کے ماحول میں رہنے اور تربیت پانے کی بنا پر انفرادی اختلافات پیداہوجاتے ہیں، میڈیابھی بچوں کی ذہن سازی کاکام کرتاہے۔

انفرادی اختلافات وتنوعات کی جانچ ایک انتہائی مشکل مرحلہ ہے، لیکن ایک استاد کے لیےاس کی جانچ رکھنا ناگزیر ہے۔ ماہرین تعلیم اور ماہرین نفسیات کاکہناہے کہ بچوں کے رویوں کودیکھ کر، ان کے ساتھ کھیل کود اور کئی طرح کی انفرادی و اجتماعی سرگرمیوں کے دوران، ان سے کئی طرح کے سوال نامے پُر کروانے [۲۰] اور سوال پوچھنے [۲۱] سے ان میں پائے جانے والے انفرادی اختلافات کی جانچ کی جاسکتی ہے۔

## طلبا کے انفرادی تنوعّات واختلافات کاسیرت طیبہ کی روشنی میں حل

نبی کریم ﷺ کی بہت سی احادیث سے ثابت ہوتاہے کہ بحیثیتِ معلم آپ ﷺنے افراد کی اجتماعی تعلیم وتربیت کے ساتھ ساتھ انفرادی تعلیم و تربیت کااہتمام بھی کیا،[۲۲] تعلیم وتربیت کے لیے

---

۱۸– ابو محمد محمود بن احمد بدرالدین عینی، **عمدة القاري** (بيروت: دارإحياء التراث العربي)،۸: ۲۱۴۔

۱۹– شاہ ولی اللہ،مصدر سابق،ا: ۵۴۔

20– Wilen, W. Questioning skills for teachers. *What research says to the teacher National Education Association* (Washington, DC, 1991), 8.

21– Arthur R. Jensen, "Galton's Legacy to Research on Intelligence" in *Journal of Biosocial Science* (2002): 145-172.

۲۲– ابوالفداءاسماعیل ابن کثیر، **قصص الأنبياء** (بیروت: دارالخیر، ۱۴۱۲ھ/۱۹۹۲ء)، ۸۹۰؛ فضل الٰہی، **نبی کریم ﷺ**

آپ ﷺ کے پاس عام طور پر سات بڑے گروپ تھے اور آپ ﷺ نے ان کی تعلیم و تربیت کا بہترین انتظام فرمایا۔ ان میں سے ایک منافقین کا گروپ تھا جن کے قصوروں کو نظر انداز اور درگزر کرتے ہوئے کبھی ان کی مخالفت علانیہ طور پر نہیں کی۔[۲۳] دوسرا گروپ کفار مکّہ کا تھا جن میں حد سے زیادہ بد اخلاقیاں پھیلی ہوئی تھیں،[۲۴] ان کا علاج کرنا اور انھیں سیدھے راستے پر لانا بھی ضروری تھا۔ تیسرا گروپ یہودیوں کا تھا جو وہاں نہایت مال دار ہونے کے ساتھ اقتدار واثر رکھتے تھے۔ چوتھا گروپ اسلام قبول کرنے والے افراد تھے جو پوری طرح دین اسلام سے واقف نہیں تھے ان کی تعلیم وتربیت بھی ایک مشکل اور اہم مرحلہ تھا۔ پانچویں گروپ میں خطۂ عرب کی باہر کی دنیا کی جملہ متمدن اقوام اور جملہ مشہور مذاہب تھے جن کی تعلیم و تبلیغ کے لیے بھی آپ ﷺ نے مناسب وسائل وطریقہ کار اپنائے۔ آپ ﷺ ایسے افراد کی میلوں اور منڈیوں میں بھی تعلیم وتربیت فرماتے۔[۲۵] چھٹا گروپ آپ ﷺ کے اپنے عزیز و اقارب کا تھا جن کی تعلیم وتربیت بھی کسی آزمائش سے کم نہ تھی۔ ساتواں گروپ بچوں کا تھا، آپ ﷺ مسلمانوں کے بچوں کے ساتھ ساتھ کافروں کے بچوں کو بھی پیار سے بلاتے،[۲۶] انھیں اسلام کی دعوت دیتے،[۲۷] یوں آپ ﷺ کی مجلس میں تعلیم حاصل کرنے والے افراد مختلف طبقات، نسلوں اور مختلف مذاہب سے تعلق رکھتے تھے، آپ ﷺ اپنی تعلیم وتربیت میں ان تمام اختلافات وتنوعات کا بھی خاص خیال رکھتے،[۲۸] سب کے ذہن اور استطاعت کے مطابق ان کی تعلیم و تربیت فرماتے۔[۲۹]

---

**بحیثیت معلم** (لاہور: قدوسیہ اسلامک پریس، ۲۰۰۵ء)، ۷۸۔

۲۳- **صحيح البخاري**، كتاب تفسير القرآن، بَابُ قَوْلِهِ: {يَقُولُونَ لَئِنْ رَجَعْنَا۔۔۔الْمُنَافِقِينَ لاَيَعْلَمُونَ} [المنافقون: ۸]، ۱۵۴: ۶، رقم: ۴۹۰۷

۲۴- شبلی نعمانی، **سیرت النبی ﷺ** (لاہور: آرزیڈ پیکجز، ۱۴۰۸ھ)، ۱: ۱۳۴۔

۲۵- محمد سلیمان منصور پوری، **رحمۃ للعلمین** (فیصل آباد: مرکز الحرمین الاسلامی پبلشرز، ۲۰۰۷ء): ۸۱۔

۲۶- **صحيح البخاری**، كتاب الجهاد، باب كيف يعرض الإسلام على الصبي، ۷۰: ۴، رقم: ۳۰۵۵۔

۲۷- احمد بن علی بن محمد ابن حجر عسقلانی، **فتح الباري في شرح صحيح البخاري** (السعودیہ: دار النشر، ۱۴۲۲ھ)، ۳: ۲۱۹۔

۲۸- سراج الدین ندوی، **رسول خدا کا طریقۂ تربیت** (لاہور: مطبع شریف پرنٹرز۔ اسلامک پبلی کیشنز پرائیویٹ لمیٹڈ، ۲۰۰۵ء)، ۲۴۔

۲۹- اطہر مبارکپوریؒ، **خیر القرون کی درسگاہیں اوران کا نظام تعلیم وتربیت** (لاہور: ادارہ اسلامیات پبلشرز، اکتوبر ۲۰۰۰ء)، ۶۴۔

اساتذہ کو دوران تدریس بچوں کے انفرادی اختلافات وتنوعات کے حوالے سے جو مسائل درپیش آتے ہیں، ان کی رہ نمائی کے لیے سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں ان مسائل کے حل بیان کیے جارہے ہیں۔

## تدریس کی جانب توجہ مبذول کرانا

دورانِ تدریس سب سے اہم مسئلہ بچوں کا سبق کی جانب متوجہ نہ ہونا ہے جس کی وجہ سے ان کی تعلیمی کارکردگی بری طرح متاثر ہوتی ہے۔ نبی کریم ﷺ جب افراد کی تعلیم وتربیت کا ارادہ فرماتے تو افراد کو اپنی طرف متوجہ کرنے کے لیے اکثر اس انداز سے ندا لگاتے جیسا کہ اس حدیث مبارک میں بیان ہے: ”عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كُنْتُ خَلْفَ رَسُولِ اللهِ ﷺ يَوْمًا، فَقَالَ: يَاغُلَامُ إِنِّي أُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ.“ [۳۰] (حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں ایک مرتبہ (سواری پر) نبی اکرم ﷺ کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا اے لڑکے میں تمھیں چند باتیں سکھاتا ہوں۔)

اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ ﷺ نے اس ایک بچے کی انفرادی طور پر تعلیم و تربیت کی اور اس کو تعلیم دینے سے پہلے انھیں اپنی طرف متوجہ کیا اور پھر ان کو تعلیم دی۔[۳۱]

بعض دفعہ آپ ﷺ دو مرتبہ یا تین مرتبہ بھی ندا لگاتے یا کسی مخصوص صحابی کا نام لے کر اسے پکارتے، جس طرح اس حدیث میں آپ ﷺ نے معاذ بن جبل کو اپنی طرف متوجہ کرنے کے لیے انھیں تین مرتبہ ندا فرمائی:

عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، قَالَ: بَيْنَمَا أَنَا رَدِيفُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَيْسَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ إِلَّا آخِرَةُ الرَّحْلِ، فَقَالَ: «يَامُعَاذُ» قُلْتُ: لَبَّيْكَ يَارَسُولَ اللهِ وَسَعْدَيْكَ، ثُمَّ سَارَ سَاعَةً، ثُمَّ قَالَ: «يَامُعَاذُ» قُلْتُ: لَبَّيْكَ رَسُولَ اللهِ وَسَعْدَيْكَ، ثُمَّ سَارَ سَاعَةً، ثُمَّ قَالَ: «يَامُعَاذُ بْنَ جَبَلٍ» قُلْتُ: لَبَّيْكَ رَسُولَ اللهِ وَسَعْدَيْكَ... [۳۲]

(معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں رسول اللہ ﷺ کی سواری پر آپ کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا۔ سوا کجاوہ کے

---

۳۰- **سنن الترمذي**، كتاب صفة القيامة والرقاق الورع، باب حديث حنظلة،۲۴۸: ۴،رقم: ۲۵۱۶۔

۳۱ فضل الٰہی، مرجع سابق،۷۸۔

۳۲- **صحيح البخاري**، كتاب الرقاق، بَابُ مَنْ جَاهَدَ نَفْسَهُ فِي طَاعَةِ اللهِ،۱۰۵: ۸،رقم: ۶۵۰۰۔

آخری حصے کے میرے اور نبی کریم ﷺ کے درمیان کوئی چیز حائل نہیں تھی۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، اے معاذ! میں نے عرض کیالبیک وسعدیک، یارسول اللہ! پھر تھوڑی دیر نبی کریم ﷺ چلتے رہے پھر فرمایا، اے معاذ! میں نے عرض کیالبیک وسعدیک یارسول اللہ! پھر تھوڑی دیر مزید نبی کریم ﷺ چلتے رہے۔ پھر فرمایا، اے معاذ! میں نے عرض کیالبیک وسعدیک یارسول اللہ۔۔۔)

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو تین مرتبہ ندافرمانے کامقصد یہ تھاکہ معاذ کواپنی طرف متوجہ کیاجائے پھر جواہم بات اسے بتائی جارہی ہے معاذ رضی اللہ عنہ اسے اچھی طرح سنے، سمجھے اور اسے ہمیشہ یاد رکھے،[۳۳] اسی طرح استاد کے لیے بھی لازم ہے کہ وہ اپنے طالب علم کواس کی تعلیم کی طرف متوجہ کرنے کے لیے اسے وقفہ وقفہ سے ندالگائے۔[۳۴]

## ذہانت کا صحیح استعمال

ماہرین نفسیات ذہانت کے اعتبار سے افراد کو تین اقسام میں تقسیم کرتے ہیں: کند ذہن، متوسط ذہن اورذہین؛ کند ذہن بچے بار بار سبق یاد کرنے کے باوجود بھی سبق یاد نہیں کرپاتے۔ ایسے بچوں کے مسائل حل کرنے کے لیے نبی کریم ﷺ نے کئی ایک طریقے استعمال کیے جیسے سبق کو ٹھہر ٹھہر کر اور کبھی دویاتین مرتبہ دوہراناجیساکہ اس حدیث سے ظاہر ہوتاہے: "أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ إِذَاحَدَّثَ حَدِيثًاأَعَادَهُ ثَلاَثَ مَرَّاتٍ."[۳۵] (بے شک نبی کریم ﷺ جب بھی کوئی بات فرماتے توتین مرتبہ فرماتے۔)

آپ ﷺ اعلیٰ ذہانت اور جسمانی طاقت کے مالک صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی صلاحیتوں اوراہلیتوں سے مثبت انداز میں اس طرح فائدہ اُٹھاتے کہ وہ آپ ﷺ کے تعلیمی وتربیتی مشن میں آپ ﷺ کی مدد کرتے تھے۔ ان میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ جیسے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے نام قابل ذکر ہیں۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ کی دعوت وتبلیغ میں آپ ﷺ کادایاں بازو بن کر ساتھ دیا۔[۳۶]

---

۳۳- ابن حجر، مصدر سابق، ۱۱: ۳۳۹۔

۳۴- مصدر سابق، ۱۱: ۳۴۰۔

۳۵- سلیمان بن اشعث سجستانی ابوداود، السنن، کتاب العلم، بَابُ تكْرِيرِ الْحَدِيثِ (دمشق: دارالرسالة العالمية، س ن)، ۵: ۴۹۶، رقم: ۳۶۵۳۔

۳۶- شبلی نعمانی، مرجع سابق، ۱: ۱۲۸۔

استاد کو بھی چاہیے کہ وہ بھی نبی کریم ﷺ کی پیروی کرتے ہوئے لائق اور ذہین طلبہ کی قابلیت سے فائدہ اٹھائے اور ان کی صلاحیتوں کو بروے کار لاکر کند ذہن بچوں کو سبق یاد کروائیں اور ان کو معاشرے کا فعال فرد بنانے میں ان کی مدد کریں۔

## جسمانی وذہنی استطاعت کالحاظ

بچوں کی جسمانی وذہنی استطاعت کو مدنظر نہ رکھاجائے تووہ تعلیم کوخیر آباد کہ دیتے ہیں، آپ ﷺ افراد کی جسمانی وذہنی استطاعت کے مطابق ان کو تعلیم دیتے، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "انزِلُواالنَّاسَ مَنَازِلھم." [۳۷] (لوگوں کے ساتھ ان کے مراتب(انفرادی اختلافات وتنوعات) کے مطابق رویہ رکھاکرو۔)

آپ ﷺ عبادات کے دوران میں بھی افراد کاانفرادی طور پر خیال رکھتے اور انھیں کسی قسم کی تکلیف ہویہ گوارانہ فرماتے۔ نماز اداکرنے کے دوران میں کسی بچے کے رونے کی آواز آتی تونماز مختصر کر دیتے تاکہ اس بچے کی والدہ کوتکلیف نہ ہو۔"عَنْ أَبِي قَتَادَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: «إِنِّي لَأَقُومُ فِي الصَّلَاةِ أُرِيدُ أَنْ أُطَوِّلَ فِيهَا، فَأَسْمَعُ بُكَاءَ الصَّبِيِّ، فَأَتَجَوَّزُ فِي صَلَاتِي كَرَاهِيَةَ أَنْ أَشُقَّ عَلَى أُمِّهِ." [۳۸] (ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا نماز ادا کرنے کے دوران میں کسی بچے کے رونے کی آواز آتی تونماز مختصر کر دیتے تاکہ اس بچے کی والدہ کوتکلیف نہ ہو۔)

اساتذہ کو بھی چاہیے کہ ذہنی وجسمانی استطاعت کے مطابق تعلیم دیں، سبق بھی تدریجی انداز میں پڑھائیں، [۳۹] اس کے علاوہ بچے کو بھی اجازت ہونی چاہیے کہ وہ اپنی استطاعت کے مطابق سبق کم یا زیادہ کروالیں۔

---

۳۷- سنن ابوداود، کتاب الأدب، بَابٌ فِي تَنْزِيلِ النَّاسِ مَنَازِلَهُمْ، ۲۱۰: ۷، رقم: ۴۸۴۲۔

۳۸- صحيح البخاري، كتاب الاذان،بَابُ مَنْ أَخَفَّ الصَّلاَةَ عِنْدَ بُكَاءِ الصَّبِيِّ، ۱۴۳: ۱، رقم: ۷۰۷

۳۹- ابن جماعہ، **تذكرة السامع والمتكلم**، ۵۲۔

# مزاج کا خیال

ایک ہی کلاس میں مختلف مزاج رکھنے والے بچے ایک ساتھ تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ نبی کریم ﷺ بھی جب افراد کو تعلیم دیتے تو اکثر ایسا ہوتا کہ کوئی طالب علم آپ ﷺ کی بات فوراً مان لیتا، کوئی چپ رہتا اور کوئی آپ ﷺ سے آگے سے جھگڑا کرتا اور آپ ﷺ کو برا بھلا بھی کہتا، لیکن آپ ﷺ نے کبھی کسی کو اس کے مزاج کی بنیاد پر نہ توڈانٹا اور نہ ہی کبھی برا بھلا کہا بلکہ ہر فرد کے مزاج کے مطابق اس کو تعلیم وتربیت دی اور جو افراد ذرا سخت مزاج کے مالک تھے، آپ ﷺ نے مناسب حکمتِ عملیوں کے تحت ایسے افراد کی سختی کو مثبت انداز سے اسلام کی اشاعت وتبلیغ کے لیے استعمال کیا جس کی ایک مثال حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا اسلام قبول کرنا ہے۔ آپ کے اسلام قبول کرنے کی دعا خود آپ ﷺ نے فرمائی اور آپؓ کے اسلام قبول کرنے سے اسلام کر تقویت ملی تھی اور مسلمان کھل کر مساجد میں نماز ادا کرنا شروع ہو گئے،[۴۰] اس کے علاوہ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کا اسلام قبول کرنا جنھوں نے خانہ کعبہ میں بلند آواز میں کلمہ پڑھا۔[۴۱]

نبی کریم ﷺ کی مناسب حکمتِ عملیوں کی بہ دولت افراد باغیانہ رویہ بھی چھوڑ گئے، جیسا کہ اس حدیث سے ظاہر ہے:

عن أَبَاهُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، قَالَ: بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْلًاقِبَلَ نَجْدٍ، فَجَاءَتْ بِرَجُلٍ مِنْ بَنِي حَنِيفَةَ يُقَالُ لَهُ ثُمَامَةُ بْنُ أُثَالٍ، فَرَبَطُوهُ بِسَارِيَةٍ مِنْ سَوَارِي المَسْجِدِ، فَخَرَجَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: «مَاعِنْدَكَ يَاثُمَامَةُ؟» فَقَالَ: عِنْدِي خَيْرٌ يَامُحَمَّدُ، إِنْ تَقْتُلْنِي تَقْتُلْ ذَادَمٍ، وَإِنْ تُنْعِمْ تُنْعِمْ عَلَى شَاكِرٍ، وَإِنْ كُنْتَ تُرِيدُالمَالَ فَسَلْ مِنْهُ مَاشِئْتَ، فَتُرِكَ حَتَّى كَانَ الغَدُ، ثُمَّ قَالَ لَهُ: «مَاعِنْدَكَ يَاثُمَامَةُ؟» قَالَ: مَاقُلْتُ لَكَ إِنْ تُنْعِمْ تُنْعِمْ عَلَى شَاكِرٍ، فَتَرَكَهُ حَتَّى كَانَ بَعْدَ الغَدِ، فَقَالَ: «مَاعِنْدَكَ يَاثُمَامَةُ؟» فَقَالَ: عِنْدِي مَاقُلْتُ لَكَ، فَقَالَ: «أَطْلِقُواثُمَامَةَ» فَانْطَلَقَ إِلَى نَجْلٍ قَرِيبٍ مِنَ المَسْجِدِ، فَاغْتَسَلَ ثُمَّ دَخَلَ المَسْجِدَ، فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لاإِلَهَ إِلَّااللهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًارَسُولُ اللهِ،

---

۴۰– ابن ہشام، **السیرة النبویة** (مصر: شركة مكتبة ومطبعة مصطفى البابي الحلبي وأولاده، ۱۳۷۵ھ\ ۱۹۵۵ء)، ۱: ۳۴۸۔

۴۱– صحیح المسلم، کتاب فَضَائِلِ الصَّحَابَةِ، بَابُ مِنْ فَضَائِلِ أَبِي ذَر، ۱۹۲۳: ۴، رقم: ۲۴۷۴۔

يَامُحَمَّدُ، وَاللّٰهِ مَاكَانَ عَلَى الأَرْضِ وَجْهٌ أَبْغَضَ إِلَيَّ مِنْ وَجْهِكَ، فَقَدْ أَصْبَحَ وَجْهُكَ أَحَبَّ الوُجُوهِ إِلَيَّ، وَاللّٰهِ مَاكَانَ مِنْ دِينٍ أَبْغَضَ إِلَيَّ مِنْ دِينِكَ، فَأَصْبَحَ دِينُكَ أَحَبَّ الدِّينِ إِلَيَّ، وَاللّٰهِ مَاكَانَ مِنْ بَلَدٍ أَبْغَضُ إِلَيَّ مِنْ بَلَدِكَ، فَأَصْبَحَ بَلَدُكَ أَحَبَّ البِلاَدِ إِلَيَّ، وَإِنَّ خَيْلَكَ أَخَذَتْنِي وَأَنَاأُرِيدُ العُمْرَةَ، فَمَاذَاتَرَى؟ فَبَشَّرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَمَرَهُ أَنْ يَعْتَمِرَ، فَلَمَّاقَدِمَ مَكَّةَ قَالَ لَهُ قَائِلٌ: صَبَوْتَ، قَالَ: لاَ، وَلَكِنْ أَسْلَمْتُ مَعَ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلاوَاللّٰهِ، لايَأْتِيكُمْ مِنَ اليَمَامَةِ حَبَّةُ حِنْطَةٍ، حَتَّى يَأْذَنَ فِيهَاالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. [۴۲]

(حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ سوار نجد کی طرف روانہ کیے اور واپسی پر وہ بنوحنیفہ کے ایک آدمی ثمامہ کو پکڑ لائے اور اسے مسجد نبوی کے ستون کے ساتھ باندھ دیا گیا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں تشریف لائے اور فرمایا"ثمامہ تمھارا کیاحال ہے؟" ثمامہ نے کہاکہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم میراحال اچھاہے اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم میرے قتل کاحکم دیں گے، تویہ خونی کے حق میں ہوگااگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم انعام فرمائیں گے توایک شکر گزار پر رحمت کریں گے اور اگر مال کی ضرورت ہے تو بتلادیجیے، دوسرے دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر وہی سوال کیاتوثمامہ نے جواب دیاکہ میں کہ چکاہوں کہ اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم انعام فرمائیں گے توایک شکر گزار پر رحمت کریں گے، تیسرے دن بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی سوال کیاتواس نے کہاکہ میں نے اپناجواب دے دیاہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیاکہ ثمامہ کوچھوڑ دیاجائے۔ چناں چہ ثمامہ نے مسجد کے قریب ایک باغ میں جاکر غسل کیا پھر مسجد میں آکر کہا: أَشْهَدُ أَنْ لاإِلَهَ إِلَّااللّٰهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًارَسُولُ اللّٰه. اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم! روئے زمین پر آپ سے زیادہ بغض مجھے کسی نہ تھا مگر اب آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ محبوب مجھے روئے زمین پر کوئی نہیں۔ واللہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دین سے زیادہ دشمنی مجھے کسی دین سے نہیں تھی مگر اب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دین سے زیادہ محبت مجھے کسی دین سے نہیں۔ اللہ کی قسم! آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے شہر سے زیادہ ناپسند مجھے کوئی شہر نہیں تھا مگر، اب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے شہر سے زیادہ پسندیدہ کوئی شہر نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سواروں نے مجھے اس وقت پکڑا جب میں عمرہ کے ارادہ سے جارہا تھا۔ اب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا کیا حکم ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے بشارت دی اور عمرہ کرنے کاحکم دیا۔ جب وہ مکہ آیاتو اس سے کسی نے کہا: توبے دین ہوگیا ہے۔ انھوں نے جواب دیا کہ نہیں، بلکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر مشرف بہ اسلام ہواہوں اور اللہ کی قسم! تمھارے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اجازت کے بغیر یمامہ سے گندم کاایک دانہ بھی نہیں پہنچ سکتا۔)

اس وقت ثمامہ نے اسلام قبول نہیں کیااور اپنی ہٹ دھرمی پر قائم رہے لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے مجبور نہیں کیااور نہ ہی اس پر سختی کی کہ وہ لازمی اسلام قبول کریں بلکہ اسے چھوڑ دیا۔ رہا ہوکر

---

۴۲- صحيح البخاري، كتاب المغازي، بَابُ وَفْدِ بَنِي حَنِيفَةَ، وَحَدِيثِ ثُمَامَةَ بْنِ أُثَالٍ، ۱۷۰: ۵، رقم: ۴۳۷۲۔

ثمامہ کے دل میں خیال آیا کہ اس نے تو اتنے سخت لہجے کے ساتھ آپ ﷺ سے بات لیکن آپ ﷺ نے اس کے ساتھ کسی بھی قسم کی سختی نہیں کی۔ وہ آپ ﷺ کے اس رویے سے بہت متأثر ہوا اور اسلام قبول کر لیا۔ آپ ﷺ کے عفودرگزر اور محبت وشفقت کے رویے کی بہ دولت ہی ثمامہ نے اسلام قبول کیا۔

بچوں کے مزاج میں پائی جانے والی جارحیت کو ختم کرنے کے لیے اساتذہ کو بھی مناسب حکمتِ عملیاں اختیار کرنی چاہییں۔

## معاشی توازن کا قیام

اکثر معاشی بدحالی بچوں کو تعلیم چھوڑنے پر مجبور کر دیتی ہیں جس سے وہ معاشرتی امتیاز اور عدم اطمینانی کا شکار ہو جاتے؛ کیوں کہ یہ بچے جسمانی طور پر محنت اور مزدوری کے قابل نہیں ہوتے اس لیے وہ حیرت ونامرادی کا عبرتناک مرقع بن جاتے ہیں۔(۴۳)

ابن جماعہ رحمۃ اللہ علیہ کا کہنا ہے کہ معاشی حالات بچے کی تعلیمی آموزش پر بہت زیادہ اثر انداز ہوتے ہیں ان کا کہنا ہے کہ گھر بار کی فکر پڑھائی کے دوران طالب علم کے ذہن پر چھائی رہتی ہے جس کی وجہ سے وہ پڑھائی کی طرف متوجہ نہیں ہو سکتا"۔(۴۴)

نبی کریم ﷺ کی مجلس تعلیم وتربیت میں ان صحابہ کرامؓ کی تعداد زیادہ تھی جو معاشی طور پر بدحال طبقے سے تعلق رکھتے تھے، لیکن آپ ﷺ اپنے مفلس اور مخلص صحابہ کرامؓ کا خصوصی خیال رکھتے تھے اور خاص طور پر اصحاب صفہ جن کے پاس پہننے کے لیے مکمل لباس نہ ہوتا اور کئی کئی روز بھوکے رہنے سے اکثر نماز کے لیے کھڑے ہوتے، لیکن بھوک کی کمزوری کی وجہ سے نماز کے دوران ہی گر جاتے،(۴۵) آپ ﷺ ان افراد کی تعلیم وتربیت کا خصوصی خیال رکھتے تھے اور ان کے کھانے پینے کا بھی خیال رکھتے۔(۴۶)

---

۴۳۔ یوسف القرضاوی، **اسلام میں غریبی کا علاج**، مترجم نصیر احمد ملی (لاہور: مکتبۂ اسلامیہ، ۲۰۱۱ء)، ۹۲۔

۴۴۔ ابن جماعہ، مصدر سابق، ۱۷۱۔

۴۵۔ شبلی نعمانی، مرجع سابق، ۱: ۱۷۴۔

۴۶۔ مرجع سابق، ۱: ۱۷۴۔

کلاس میں کچھ بچے ایسے بھی ہوتے ہیں جن کے پاس اپنی ضروریات سے بھی زیادہ پیسے ہوتے ہیں، نبی کریم ﷺ کے دور میں بھی ایسے صحابہ کرامؓ موجود تھے جو معاشی طور پر خوش حال تھے جیسے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ، حضرت عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ، حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ، [۴۷] وغیرہ آپ ﷺ کی ترغیب ہی سے انھوں نے اسلام کی راہ میں بے بہا پیسہ خرچ کیا۔

استاد کی مثبت تعلیم وتربیت کی بہ دولت یہ لوگ اپنی ضروریات سے زائد پیسے ان غریب بچوں کو دے سکتے ہیں جو معاشی طور پر بدحال ہوتے ہیں، یہ رویہ معاشرے میں معاشی توازن پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔

## پیار ومحبت اور دل جوئی کا رویہ

آپ ﷺ کی نرم خوئی اور شیریں طبع تالیف قلب کا ذریعہ ہیں جو تعلیم و تربیت میں معاون ثابت ہوئیں۔

آپ ﷺ نے اپنے بارے میں بھی یہی ارشاد فرمایا: "إِنَّ اللهَ لَمْ يَبْعَثْنِي مُعَنِّتًا، وَلَا مُتَعَنِّتًا، وَلَكِنْ بَعَثَنِي مُعَلِّمًا مُيَسِّرًا."[۴۸] (بے شک اللہ تعالیٰ نے مجھے ڈانٹنے والا بنا کر نہیں بھیجا، بلکہ مجھے آسانی سے سکھانے والا بنا کر بھیجا ہے۔)

آپ ﷺ غم زدہ اور پریشان افراد کے لیے خوشی کا باعث بنتے اور انھیں خوشی پہنچانے کی کوشش میں رہتے،[۴۹] آپ ﷺ افراد کے لیے ہر ممکن آسانی پیدا کرتے اور پیار ومحبت سے تعلیم و تربیت کے طریقۂ تدریس اور آدابِ تعلیم وتربیت کا استعمال کرتے،[۵۰] استاد کو چاہیے کہ وہ بچوں کے لیے آسانی پیدا کرے، پریشانی میں ان کی دل جوئی کرے اور کلاس میں خوش گوار ماحول کا اہتمام کرے تاکہ

---

۴۷۔ ابن حجر، مصدر سابق، ۷: ۲۶۔

۴۸۔ مسلم ابن الحجاج، **الصحيح**، كتاب الطلاق، باب بيان ان تخيير امرأته لايكون (لبنان: دار إحياء التراث العربي، س ن)، ۱۱۰۴: ۲، رقم: ۱۴۷۸۔

۴۹۔ ابوزکریا محیی الدین النووی، **المنهاج شرح صحيح مسلم بن الحجاج** (بيروت: دار إحياء التراث العربي، ۱۳۹۲ھ)، ۱۰: ۸۱۔

۵۰۔ فضل الٰہی، مرجع سابق، ۴۹۔

بچے خوش دلی سے تعلیم حاصل کر سکیں۔

## سیاسی رعب ودبدبہ کا مثبت استعمال

کلاس میں ایسے بچے بھی ہوتے ہیں جن کا تعلق سیاسی رعب و دبدبہ رکھنے والے خاندانوں سے ہوتا ہے، ایسے بچوں کو گھر کی طرف سے اتنی اچھی تربیت نہیں ملتی اوروہ نظم وضبط خراب کرنے اور اپنی طاقت اور پیسہ غلط طریقہ سے استعمال کرنے کے عادی ہوتے ہیں ،استاد کو چاہیے کہ ایسے بچوں کی اس طاقت کو مثبت انداز میں استعمال میں لائے۔

نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے متعلمین میں بھی ایسے افراد موجود تھے جن کا رعب ودبدبہ بہت زیادہ تھا، ان میں حضرت عمر بن خطاب رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ تھے جو اس قدر شہ زور تھے کہ کوئی کافر ان کا رخ نہ کرتا تھا،[۵۱] آپؓ کی اسی طاقت اور جرأت کو دیکھتے ہوئے نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے آپؓ کے اسلام قبول کرنے کی دعا فرمائی تھی،[۵۲] جس کا اثر ہی تھا کہ آپؓ نے اسلام قبول کیا تو کسی بھی خوف وخطر سے آزاد ہو کر علی الاعلان اسلام قبول کیا،[۵۳] آپؓ کے اسلام قبول کرنے کے بعد اسلام اور مسلمانوں کو بہت فائدہ پہنچا اور انھیں عزت، حوصلہ اور ہمت ملی اور اسلام کی تاریخ میں ایک نیا دور شروع ہوا۔ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی تعلیم وتربیت کی بہ دولت اسلام لانے کے بعد حضرت عمر رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ نے اپنی طاقت اور رعب کا استعمال اسلام کی سر بلندی کے لیے وقف کر دیا۔

## خود اعتمادی اور حوصلہ افزائی

نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے اس بات کا بھی خصوصی اہتمام فرماتے کہ صحابہ کرامؓ میں خود اعتمادی پیدا کرنے کے لیے ان کی حوصلہ افزائی کرتے، غزوۂ خندق کے موقع پر حضرت سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کی خندق کھودنے کی رائے کو نہ صرف اہمیت دی بلکہ اسے منظور بھی کیا، اس سے حضرت سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کا حوصلہ بلند ہوا اور ان میں خود اعتمادی پیدا ہوئی؛ کیوں کہ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم جانتے تھے کہ حضرت سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ نے اسلام کی خاطر کن کن حالات کا سامنا کیا تھا اور اس موقع پر ان کی دل جوئی کرنا بہت

---

۵۱- ابن ہشام، مصدر سابق، ۱: ۳۴۹۔

۵۲- مصدر سابق، ۱: ۳۴۳۔

۵۳- مصدر سابق، ۱: ۳۵۰۔

ضروری تھا۔

حضرت ابوموسی اشعری رضی اللہ عنہ قرآن پاک کی بہت اچھی تلاوت کرتے تھے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے فرمایا: "إِنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ قَيْسٍ أَوالْأَشْعَرِيَّ أُعْطِيَ مِزْمَارًامِنْ مَزَامِيرِ آلِ دَاوُدَ"(۵۴) (اے عبد اللہ بن قیس یااشعری تمھیں حضرت داودؑ جیسی سر عطا کی گئی ہے۔)

اس لیے استاد کی یہ ذمے داری ہے کہ وہ کلاس میں ایسی سرگرمیوں کا اہتمام کرے جس سے بچوں میں اچھائی، اعلیٰ اخلاقی اقدار اور خوداعتمادی پیدا ہوں۔

## مذہبی شعور کی بیداری

دوران تدریس بچوں کے درمیان کچھ بچے ایسے بھی ہوتے ہیں جو باقی بچوں کی نسبت زیادہ مذہبی عادات اور اسلامی تعلیمات سے شعور وآگہی کے مالک ہوتے ہیں، استاد کو چاہیے کہ کلاس میں دوسرے بچوں کی دینی تعلیم و تربیت کے لیے مختلف قسم کی سرگرمیوں کے ذریعے ایسے بچوں کے مذہبی علم سے فائدہ اٹھائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایسے افراد کی پہلے مذہبی معلومات کی جانچ کرتے کہ واقعی وہ دین اسلام کی تعلیمات سے صحیح طور پر شعور و آگہی رکھتے ہیں یا نہیں تاکہ کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ دینِ اسلام کے عقائد وعبادات سے متعلق غلط معلومات کی تشہیر کرنا شروع کر دیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے معاذؓ بن جبل کے مذہبی شعور کا اس وقت امتحان لیا (جب انھیں یمن کا گورنر بنا کر بھیجا جارہا تھا)،(۵۵) تاکہ وہ ریاستی امور کے ساتھ ساتھ دینِ اسلام کی خدمت کو بھی احسن طریقہ سے نبھا سکیں، اس جانچ کے بعد ہی آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان افراد کی ذمہ داری لگاتے کہ وہ دوسرے افراد کو اسلام کی تبلیغ کریں۔

## کامل اخلاقیات کا مظاہرہ

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم و تربیت ہی کا نتیجہ تھا کہ وحشی عرب دنیا کے معلمِ اخلاق بن گئے، صرف تیئس سالوں کے اندر عربوں کی کایاپلٹ گئی، (۵۶) ان کے اخلاقی رذائل کو اخلاقی فضائل میں بدل دیا جس کی نظیر

---

۵۴- **صحیح مسلم**، کتاب فضائل القرآن، بَابُ اسْتِحْبَابِ تَحْسِينِ الصَّوْتِ بِالْقُرْآنِ، ۱: ۵۴۶، رقم: ۷۹۳۔

۵۵- ابوعبد اللہ محمد بن یزید ابن ماجہ، **سنن ابن ماجه**، كِتَابُ الزُّهْدِ، بَابُ مَا يُرْجَى مِنْ رَحْمَةِ اللهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ (بیروت: دار الجیل، ۱۴۱۸ھ)، ۱۴۳۵: ۲، رقم: ۴۲۹۶

۵۶- اکبر شاہ خان نجیب آبادی، **تاریخ اسلام**، ( دارالاندلس پبلشرز، ۱۴۲۶ھ): ۱۱۸

پورے عالم انسانیت میں آج تک نہیں ملتی اور اس کے اثرات آج تک اس عالم انسانیت میں دکھائی دے رہے ہیں۔ آج دنیامیں کہیں بھی اخلاقی انقلاب کی کرنیں نظر آتی ہیں وہ آپ ﷺ ہی کی تعلیم وتربیت کے مرہون منت ہے، آپ ﷺ نے جس طرح کی اخلاقی تعلیم وتربیت دی ان کو عملا برت کر بھی دکھایا۔ (۵۷)

آپ ﷺ نے اپنے اخلاق کے بارے میں خود بھی یہی ارشاد فرمایا: "عَنْ أَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَابُعِثْتُ لِأُتَمِّمَ صَالِحَ الْأَخْلَاقِ."(۵۸) (ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میں اچھے اخلاق کو اُن کے اتمام تک پہنچانے کے لیے مبعوث کیا گیاہوں۔)

اساتذہ کے غیر اخلاقی رویوں کی بہ دولت ہمارے بچے سکولوں سے باغی ہوتے جارہے ہیں، اساتذہ بچوں کی تعلیم وتربیت کے لیے پیار محبت شفقت اور نرمی کے بجائے ناراضی، سختی اور مار کٹائی کاسہارالیتے ہیں، جس سے بچے بہت سے نفسیاتی مسائل کا شکار ہوجاتے ہیں، استاد کافرض ہے کہ وہ بچوں کی طرف خصوصی توجہ دیں اور ان کے تمام مسائل حل کرنے میں نبی کریم ﷺ کے اندازِ تعلیم وتربیت کی پیروی کرتے ہوئے اعلیٰ اخلاقیات کامظاہرہ کریں۔

## غلطی کرنے پر نرمی اور حکمت سے اصلاح

دوران تدریس میں بچوں میں سے بار بار اور چھوٹی بڑی غلطیاں سر زد ہونا بھی قابل قدر مسئلہ ہے ایسے حالات میں بھی نہ صرف مسلمان بلکہ جاہل، اجڈ، بدو، دیہاتی اور بداخلاق اوربدتمیز لوگ بھی آپ ﷺ کے کریمانہ اور مشفقانہ رویہ کے حق دار ہوتے، اس حدیث سے ثابت ہوتاہے کہ آپ ﷺ نے کس طرح ایک جاہل دیہاتی کی تربیت کی:

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: دَخَلَ أَعْرَابِيٌّ الْمَسْجِدَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللهُّ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ، فَصَلَّى، فَلَمَّا فَرَغَ، قَالَ: اللَّهُمَّ ارْحَمْنِي وَ مُحَمَّدًا وَلا تَرْحَمْ مَعَنَا أَحَدًا، فَالتَفَتَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: لَقَدْ تَحَجَّرْتَ وَاسِعًا، فَلَمْ يَلْبَثْ أَنْ بَالَ فِي الْمَسْجِدِ، فَأَسْرَعَ إِلَيْهِ النَّاسُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَهْرِيقُوا عَلَيْهِ سَجْلا مِنْ مَاءٍ، أَودَلْوًا مِنْ مَاءٍ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّمَا بُعِثْتُمْ مُيَسِّرِينَ وَلَمْ تُبْعَثُوا مُعَسِّرِينَ.(۵۹)

---

۵۷- نفس مرجع، ۱۱۷۔

۵۸- ابوعبداللہ بن محمد احمد بن حنبل، **المسند** (لبنان: المکتب الإسلامي، ۱۳۹۸ھ\ ۱۹۷۸ء)، رقم: ۸۹۵۲۔

۵۹- **سنن الترمذي**، کتاب الطهارة، بَابُ مَاجَاءَ فِي البَوْلِ يُصِيبُ الأَرْضَ، ۱: ۲۷۵، رقم: ۱۴۷۔

(حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک اعرابی مسجد میں داخل ہوااور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی وہاں تشریف فرماتھے۔ اعرابی نے نماز پڑھی۔ جب فارغ ہواتودعاکرنے لگا''اللہ میرے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کسی پر رحم نہ فرما'' یہ سن کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی طرف دیکھااور فرمایا ''تم نے اللہ تعالیٰ کی اتنی وسیع رحمت کومحدود اور تنگ کر دیا، تھوڑی دیر بعد اس نے مسجد میں پیشاپ کرناشروع کر دیا تو لوگ جلدی سے اس کی جانب لپکے، لیکن نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے چھوڑ دواور پیشاپ پر پانی کاایک مٹکایا ڈول بہادو اور فرمایا تم لوگ آسانیاں پیدا کرنے والے بھیجے گئے ہو، تنگیاں پیداکرنے والے نہیں۔)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرامؓ کی غلطیوں پر انھیں دین اسلام سے خارج نہیں کیااور نہ ہی کبھی ان پر سختی کی بلکہ پیار سے سمجھا دیتے اور اچھاسلوک کرتے تاکہ غلطی کرنے والے کواحساس ہوجائے اور اپنی غلطی کوسدھارنے کی کوشش کرے اور آئندہ ایسی غلطی کرنے سے اجتناب کرے۔[۶۰]

استاد کو بھی چاہیے کہ وہ ایسے معاملے میں بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکیمانہ اور کریمانہ انداز کو اپنائے اور بچوں کی ان چھوٹی چھوٹی غلطیوں کوبالکل نظر انداز نہ کرے بلکہ ان کی اصلاح کامقصد پیشِ نظر رکھے۔

## خواتین کے لیے الگ تعلیم وتربیت کاانتظام

خواتین کوچوں کہ صنف ضعیف اور کانچ کے شیشوں سے تشبیہ دی گئی ہے،[۶۱] کیوں کہ وہ جسمانی اور ذہنی طور پر مردوں سے کم طاقت ور ہوتی ہیں، اس لیے خواتین کی منفرد ذمے داریوں کے پیش نظر ان کی الگ سے تعلیم وتربیت کا بھی انتظام ہوناچاہیے،[۶۲] آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خواتین کی اس نفاست اور نزاکت کا بھی خیال رکھا،[۶۳] اورخواتین کی تعلیم وتربیت کے لیے مردوں سے الگ ایک دن مقرر کرتے[۶۴] اورخواتین کواس بات کی رعایت بھی دی کہ گفت گو میں سے کوئی بات اگر انھیں سمجھ نہ آتی تو

---

۶۰- یوسف القرضاوی، **رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور تعلیم**، مترجم، ارشادالرحمن (لاہور: گنج شکر پرنٹرز،۲۰۰۹ء)، ۲۰۱۔

۶۱- صحیح البخاري، کتاب الجهاد والسیر، بَابُ مَایَقُولُ إِذَارَجَعَ مِنَ الغَزْوِ؟۴: ۷۶،رقم: ۳۰۸۵۔

۶۲- وحید قریشی، **تعلیم کے بنیادی مباحث** (اسلام آباد: انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز،۱۹۹۸ء)،۱۰۵۔

۶۳- منصورپوری، رحمۃ للعلمین،۲۵۷۔

۶۴- ابومحمد محمود بن احمد بدرالدین عینی، **عمدة القاري شرح علی صحیح البخاري**(لبنان:دارالفکر،۱۳۹۹ھ \ ۱۹۷۹ء)، ۱۳۳۔

وہ آپ ﷺ سے دوبارہ بھی پوچھ لیتی تھیں، جیسا کہ اس روایت میں بیان کیا گیا ہے: "أَنَّ عَائِشَةَ، زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَانَتْ لاتَسْمَعُ شَيْئًا لا تَعْرِفُهُ، إِلَّارَاجَعَتْ فِيهِ حَتَّى تَعْرِفَهُ."[۶۵] (ابن ابی ملیکہ رضی اللہ عنہ کہتی ہیں کہ نبی ﷺ کی زوجہ عائشہ رضی اللہ عنہا جب کسی ایسی بات کو سنتیں جس کو نہ سمجھتیں تو پھر دوبارہ اس میں تفتیش کرتیں، تاکہ اس کو سمجھ لیں۔)

## حکومت، تعلیمی اداروں، اساتذہ اور والدین کے لیے تجاویز

- حکومت کی ذمے داری ہے کہ ایک ایسا تعلیمی نظام وضع کرے جو انفرادی اختلافات وتنوعات کے حوالے سے اساتذہ کی بہتر رہ نمائی کرے تاکہ وہ بہتر انداز میں بچوں کی تعلیم وتربیت اسلامی اصولوں کے مطابق کر سکیں، بچوں کے تحفظ کے لیے قوانین بنائے جائیں تاکہ ان پر ہونے والے پُر تشدد رویوں کو روکا جا سکے، بچوں کو تعلیم اور ٹرانسپورٹ بالکل مفت ہونی چاہیے۔
- تعلیمی اداروں کی یہ ذمے داری ہے کہ ہر سکول میں سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں اساتذہ کی تربیتی ورکشاپ کا گاہے بگاہے انتظام کیاجائے اور اساتذہ کوبچوں کے درمیان پائے جانے والے انفرادی اختلافات وتنوعات کی اصطلاح سے متعلق مکمل علم فراہم کیاجائے۔
- اساتذہ کوچاہیے کہ وہ بذاتِ خود خداشناس، خداخوف اورسنت رسول ﷺ پر عمل کرنے والے ہوں، اپنے پیشے کے تقدس اور اس کی اہمیت کو مد نظر رکھتے ہوئے نبی کریم ﷺ کے انداز تعلیم وتربیت کواپناتے ہوئے بچوں کی تعلیم وتربیت کریں اور اپنے تدریسی عمل میں صبر وتحمل اخلاقیات، ، برداشت اور برد باری کامظاہرہ کریں۔
- والدین کوچاہیے کہ اپنے گھر کاماحول اسلامی تعلیمات کے مطابق ڈھالیں، بچوں کے سامنے ہمیشہ اچھا عملی نمونہ پیش کریں، سکولوں میں بھی اپنے بچوں کی تعلیم وتدریس کادھیان رکھیں، اپنے بچوں کے اساتذہ سے ملاقات کرتے رہیں اور ان سے اپنے بچوں کے انفرادی مسائل شئیر کرنے اور ان کوحل کرنے میں شرم محسوس نہ کریں۔

---

۶۵– **صحيح البخاري**: كتاب العلم، بَابُ مَنْ سَمِعَ شَيْئًافَلَمْ يَفْهَمْهُ فَرَاجَعَ فِيهِ حَتَّى يَعْرِفَهُ،ا، رقم: ۱۰۳۔

## حاصلِ کلام

دورانِ تدریس اساتذہ کو بچوں کے درمیان پائے جانے والے انفرادی اختلافات کے مسائل سے دوچار ہونا پڑتا ہے ایک ساتھ تعلیم وتربیت حاصل کرنے والے بچے قدرتی، وراثتی، حادثاتی، ماحولیاتی یا تربیتی وجوہات کی بناپر معاشی، معاشرتی، اخلاقی اور نفسیاتی طور پر ایک دوسرے سے مختلف ہوتے ہیں، لیکن ان سے متعلقہ مسائل کا حل سیرت طیبہ ﷺ میں موجود ہے۔ آپ ﷺ نے اپنی حیاتِ طیبہ میں افراد کی تعلیم و تربیت کے دوران میں ان اختلافات وتنوعات کو مدنظر رکھا۔ آپ ﷺ کے بعد یہ مشن اساتذہ کے کندھوں پر ہے کہ وہ نبی کریم ﷺ کی حیاتِ طیبہ سے رہ نمائی حاصل کرتے ہوئے اپنی تدریس کو معیاری اور مؤثر بنائیں، بچوں کی غلطیوں کی بناپر ان پر تشدد کرنے کے بجائے عزم وحوصلہ، بلند ہمتی، اعلیٰ اخلاقیات اور صبر و تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے ان کی اصلاح کریں۔

۞ ۞ ۞ ۞ ۞

# List of Sources in Roman Script


- ❖ Al-Qur'an
- ❖ Al-Bukhari, Muhammad b. Ismail. *al-Jami' al-Sahih*. Syria: Dar al-Taoq, 1401 AH.
- ❖ Al-Tirmidhi, Abu Issa Muhammad b. 'Issa, *al-Sunan*. Beirut: Dar al-gharb al-Islami, ؁1998.
- ❖ Ibn. Khaldun, Abdurrahman b. Muhammand, *Muqaddamah ibn Khaldūn*, Beirut: dar ul fikr, 1988.
- ❖ Galton.F, "Inquiries into Human Faculty" in *Variety of Human Nature*, London: J.M.Dent & Co. Dutton, 1907.
- ❖ Dewey John, Democracy and Education quoted by Hoghes, A.g. and Hughe, E.4, *Education, some educatioanl problem,* London: long man's ،1960.
- ❖ Toomas Lott, "Plato on the Rationality of Belief, Theaetetus 184-7" in *Trames* University of Tartu: Trames, 2011(15(65/60), 4, 339–364.
- ❖ Anita E Gul (1980). *Educational Psychological* USA: Folk Allyr & Boston.
- ❖ S.M. Shahid, *Talimī Nafsiyāt*, Islamabad: Allama Iqbal Open University, 2010.
- ❖ Abu Hamid Muhammad b. Muhammad al-Ghazalī, *Ihyā 'Ulūm al-Dīn*, Beirut: Dar al-Kitab al-Ilmiya.
- ❖ Waheed Qureshi, *Talīm ky buntadī mubāhith*, Islamabad: Institute of Policy Studies, 1998.
- ❖ Shah Waliullah Dehlavi, *Hujjatullah al-Balighah*, Beirut, Dar al-Jil, 2005.
- ❖ Badr al-Din Muhammad b. Ibrahim, Tazkirah al-Sami' wa al-Mutaklam, Beirut: Dar al-Bashair al-Islamiya, 2014.
- ❖ Abu al-Fida Ismail b. Umar b. Kathir, *Tafsīr al-Qur'an al-Azeem,* Beirut: Dar ul al-Ma'rifah, 1400 AH.

- Abu Muhammad Mahmud b. Ahmad Badr al-Din ‘Aini, ‘Umdat al-Qarī, Beirut: Dar Ihya Al-Turath al-Arabi.
- Wilen, W. Questioning skills for teachers. *What research says to the teacher,* Washington DC: National Education Association, 1991.
- Arthur R. Jensen, “Galton's Legacy to Research on Intelligence” in *Journal of Biosocial Science* (2002): 145-172.
- Abu al-Fida Ismail Ibn Kathir, *Qisas ul Aumbia*, Beirut: Dar al-Khair, 1412 AH.
- Fazl Elahi, the Holy Prophet as a Teacher, Lahore: Qudousia Islamic Press, 2005.
- Shibli Nomani, Seerat al-Nabi (Lahore: AZ Packages, 1408 AH.
- Shibli Nomani, *Seerat al-Nabī* (Lahore: AZ Packages, 1408 AH.
- Muhammad Sulaiman Mansoor Purī, *Rahmat ulil ‘Alameen*, Faisalabad: Makraz al-Harameen al-Islami Publishers, 2007.
- Ahmad b Ali b Muhammad b Hajar al-Asqalanī, *Fateh al-Barī fi Sharh Sahīh al-Bukharī*, Riyadh: Dar al-Nashr, 1422 AH.
- Sirajuddīn Nadvī, *Rsool-e-Khuda ka tariqa-e-tarbiyat*, Lahore: Mataba Sharif Printers. Islamic Publications Pvt. Ltd., 2005.
- Athar Mubarakpuri, *Khair al-Quron ki dars gahain aor un ka nizam-e-tatlim o tarbiyat*, Lahore: Islamiat Publishers, 2000.
- Sulaiman b. Ash'ath al-Sujastanī Abu Dawud, *al-Sunan*, Damascus: Dar al-Rasalah.
- Ibn Hisham, *Seerah al-Nabawiyyah*, Egypt: Sharjah Muktaba wa Mataba Mustafa al-Babi al-Halabi, 1375 AH.
- Yusuf Al-Qaradawī, *Islam main gharibi ka ilaj*, Trans. Naseer Ahmad Milli, Lahore: Maktabah Islamia, 2011.
- Muslim b. al-Hajjaj, *al-Sahīh*, Beirut: Dar Ihya Al-Turath al-Arabi.
- Abu Zakariyya al-Mahiy al-Dīn al-Nawwi, *al-Manhaj Sharh Sahīh Muslim ibn al-Hajjaj*, Beirut: Dar ihaya al-Turath al-Arabi, 1392.

- Abu Abdullah Muhammad b. Yazid b. Majah, *al-Sunan*, Beirut: Dar Al-Jil, 1418 AH.
- Akbar Shah Khan Najeebabadī, *Tarikh-e Islam*, Lahore: Dar al-Andalus Publishers, 1426 AH.
- Abu Abdullah b. Muhammad Ahmad b. Hanbal, *al-Musnad*, Lebanon: Al-Muktab al-Islami, 1398 AH.
- Yusuf Al-Qaradawi, *Rasool-e-Akram aor Taleem*, trans. Irshad al-Rahman, Lahore: Ganj Shakar Printers, 2009.